# 2023-24ء کا سالانہ نوٹس

## سروے ، ریکارڈز ، نصاب ، رازداری اور متعلقہ حقوق اورعلیحدگی کے فارم

## گریڈ 9-12 ایڈیشن

## اندرونی صفحات میں کیا ہے


- 2023-24 ء سروے، ریکارڈز، نصاب، رازداری، اور متعلقہ حقوق کا سالانہ نوٹس (صفحہ نمبر 2-4)
- 2023-24 ء علیحدگی کے فیصلوں کا اختیار (صفحہ نمبر 3-9)
- 2023-24 ء علیحدگی کے فارم:
  - ڈائریکٹری کی معلومات عوام کو ظاہر کرنے پر اعتراض (صفحہ نمبر 12-13)
  - باہر کے اداروں کے معلومات جاری کرنے پر اعتراض (صفحہ نمبر۔ 14)
  - فوج میں بھرتی کاروں تک رسائی سے انکار (صفحہ نمبر 14)
  - اسکول کونسلنگ سے علیحدگی کا فارم (صفحہ نمبر 15)
  - بذریعہ Tutor.com فراہم کی جانے والی آن لائن خدمات (صفحہ نمبر۔ 16)
  - سماجی اور جذباتی لرننگ (SEL) اسکرینر(صفحہ نمبر۔ 17)


## یہ کتابچہ کسے پڑھنا چاہیے؟

تمام والدین اور سرپرستوں کو، اپنے حقوق اور ذمہ داریاں سمجھنے کے لیئے،اس کتابچے کا جائزہ لینا چاہیئے۔ مختلف گریڈ کے بچوں کے والدین کو اس کتابچے کا ہر متعلقہ نسخہ ( K-8, 9-12) پڑھنا چاہیے کیونکہ گریڈ لیول کے لحاظ سے ، نوٹس اور علیحدگی کے حقوق الگ الگ ہیں ۔

## علیحدگی کے منسلکہ فارموں پر کسے دستخط کرنے چاہیں؟

کوئی بھی والدین، سرپرست یا بالغ طالب علم جسے، ذیلی کسی بھی یا تمام سرگرمیوں میں، اپنی یا اپنے بچے کی شرکت پر**اعتراض** ہے، اسے **متعلقہ فارم بھر کر اپنے بچے کے اسکول واپس بھیج دینا چاہیئے۔**

- تعلیمی سا لنامے اور اسکول سے متعلق دوسری مطبوعات کے لیئے، طالب علم سے متعلق معلومات کا اجراء ۔
- FCPS سے باہر کے افراد اور تنظیموں کو، طالب علم سے متعلق ڈائریکٹری کی معلومات کا اجراء ۔
- کسی فلم، وڈیو، ویب سائٹ، سوشل میڈیا یا نشریاتی پروگرام میں طالب علم کی تصویر، آواز اور نام کا استعمال ۔
- اسکول کونسلنگ پروگرام اور Library Equity Access Pass Project ، آن لائن ٹیوٹرنگ سروسز اور SEL Screener میں طالب علم کی شرکت ۔
- فوج کے بھرتی کاروں کو، معلومات کا اجراء ۔
- بیرونی اداروں کو، معلومات کا اجراء ۔

Fairfax County Public Schools, Office of the Superintendent
8115 Gatehouse Road, Falls Church, VA 22042

# 2023-24 ء سروے، ریکارڈز، نصاب، رازداری، اور متعلقہ حقوق کا سالانہ نوٹس

## والدین اور بالغ طلباء کے حقوق

The Family Educational Rights and Privacy Act (FERPA), 20 USC §1232g, 34 CFR Part 99; Protection of Pupil Rights Amendment, 20 USC § 1232h, 34 CFR Part 98; Elementary and Secondary Education Act, 20 USC §§7165, 7908, and 10 USC § 503 میں ، والدین، 18 برس سے زیادہ عمر کے طلباء اور خود مختار نابالغوں کو، بعض اطلاعات، تجزیوں اور شرکت کے حقوق فراہم کیئے گئے ہیں ۔ یہ کتابچہ ان حقوق سے متعلق، آپ کو معلومات فراہم کرتا ہے ۔

اس کتابچے میں علیحدگی کا انتخاب کرنیوالے فارم (opt-out forms) بھی شامل ہیں جو آپ کو اپنے بچے کے زیر تعلیم اسکول کے پرنسپل کو جمع کرانے چاہیں ، اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ یا بچی کسی دی گئی سرگرمی میں حصہ نہ لے ۔ اگر آپ 18 سال سے زیادہ عمر کے طالب علم ہیں یا خود مختار نابالغ ہیں اور کسی پیش کردہ سرگرمی میں حصہ نہیں لینا چاہتے تو آپ کو بذات خود یہ فارم جمع کرانے چاہیئں ۔ **اگر آپ کو اس کتابچے میں بیان کردہ کسی سرگرمی پر اعتراض نہیں ہے تو ان میں سے کسی بھی فارم پر دستخط مت کیجیئے اور نہ جمع کرائیے۔**

### آن لائن ہدایات

اگر ہنگامی حالات میں ضرورت پیش آئی تو 2023-24ء کے تعلیمی سال میں طلباء آن لائن ہدایات میں شرکت کرسکتے ہیں ۔ اگر ایسا ہوا تو، ہوسکتا ہےاساتذہ لیکچرز اور دیگر تدریسی سرگرمیوں کو ریکارڈ کریں گے، لیکن یہ ضروری نہیں ہے۔ اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کے بچے کا چہرہ آن لائن کلاس میں ریکارڈ ہو تو کلاس پیریڈ کے دوران آپ کو کیمرہ بند کرنا ہو گا۔ طلباء کو یاد کرایا جاتا رہنا چاہیئے کہ وہ ایسی کوئی بھی معلومات نہ to بانٹیں، جو وہ کلاس میں ریکارڈ کرانا نہیں چاہتے ۔ کلاس روم کی ریکارڈنگز ڈاؤن لوڈنگ یا نقول بنانے کیلئے قابل رسائی نہیں ہوں گی ۔

## سروے

**سروے کے لیئے، رضا مندی:** آپ کو اپنی رضا مندی دینے کا حق حاصل ہے اس سے قبل کہ آپ کا بچہ کسی بھی ایسے سروے میں شرکت کرے جس کے لیئے وفاقی حکومت کی طرف سے فنڈ فراہم کیے گئے ہوں اور جن میں مندرجہ ذیل سوالات پوچھے گئے ہوں: طالب علم یا والدین کی سیاسی وابستگی اور عقیدہ؛ طالب علم یا خاندان کے ذہنی یا نفسیاتی مسائل؛ جنسی روش یا رویے ؛ غیر قانونی ، غیر سماجی ، خود الزامی ، یا ذلیل کرنے کی روش ؛ ایسے افراد کا تنقیدی جائزہ جن سے مدعی کے قریبی خاندانی تعلقات ہیں ، قانونی طور پر مراعات یافتہ رشتے، جیسے کہ وکلاء، ڈاکٹروں، اور مذہبی رہنما کے ساتھ ؛ طالب علم یا طالب علم کے والدین کی مذہبی رسومات، وابستگی یا عقائد اور آمدنی (ماسوائے ان کے جو پروگرام میں شمولیت کی اہلیت کا تعین کرنے کیلئے قانونی طور پر درکار ہیں) ۔

**علیحدگی اختیار کرنے کے حقوق:** قطع نظر رقم فراہمی کے ذریعہ کے، جو مذکورہ بالا موضوعات سے متعلق معلومات طلب کرتا ہے یا جو بھی طبی معلومات، شراب، تمباکو یا غیر قانونی منشیات سے متعلقہ طالبعلم کی صحت کو درپیش خطرے والی روشوں پر معلومات ، منضبط مواد کے استعمال پر دیگر معلومات؛ یا کوئی دیگر معلومات جسے اسکول بورڈ حساس نوعیت کی سمجھے، طلب کرتا ہے ، آپ کو اپنے طالبعلم کی کسی بھی سروے میں شرکت سے علیحدگی اختیار کرنے کا حق حاصل ہے ۔

**سروے کے معائنہ کا نوٹس اور حقوق:** آپ کے بچے سے مذکورہ موضوعات سے متعلق کسی بھی سروے کو کرنے کیلئے، FCPS آپ کو کم ازکم 30 دن کا پیشگی تحریری نوٹس فراہم کرے گا ۔ آپ سروے اور سروے کے سلسلے میں استعمال شدہ کسی بھی تدریسی مواد کا معائنہ کر سکتے ہیں ۔

## تدریسی مواد

**تعلیمی مواد کا معائنہ:** آپ کو تعلیمی نصاب کے حصے کے طور پر استعمال کیئے گئے کسی بھی تدریسی مواد کے معائنے کا حق حاصل ہے ۔ فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کی پالیسیاں اور ریگولیشن 3011-3002 کے تازہ ترین نسخے (FCPS کی اس ویب سائٹ پر موجود ہیں https://insys.fcps.edu/schoolboardapps/report_policy/cache/alpha-A.htm) تدریسی مواد کے بارے میں زیادہ تفصیل فراہم کرتے ہیں ۔ تدریسی مواد کے معائنے کیلئے آپ اپنے بچے کے اسکول کے پرنسپل کو کہہ سکتے ہیں ۔

## جسمانی معائنے

وفاقی قانون کا تقاضا ہے کہ والدین کو اس بات کی اجازت ہو کہ وہ طالب علم کو بعض جسمانی معائنے سے علیحدہ کرنےکا حق استعمال کر سکیں ، اگر ریاستی قانون کے تحت ایسے معائنوں کی اجازت نہ دی گئی ہو ۔ ماسوائے ہنگامی حالات کے، FCPS ایسے کسی جسمانی معائنے کا تقاضا نہیں کرتے جس کا اختیار ریاستی قانون نے نہ دیا ہو۔ لہٰذا اس وجہ سے، یہ کتابچہ جسمانی معائنوں کے بارے میں علیحدگی کے انتخاب کا فارم مہیا نہیں کرتا ۔

## طالبعلم/ طالبہ کے ریکارڈ

**طالب علم کے ریکارڈز کا معائنہ:** اسکول کو آپ کی طرف سے طالب علم کے تعلیمی ریکارڈ کے معائنے کی درخواست ملنے کے 45 دن کے اندر، آپ کو اس کے ریکارڈ کا معائنہ کرنے ، اور جائزہ لینے کا حق حاصل ہے ۔ آپ کو اپنے طالبعلم کے پرنسپل کو ایک تحریری درخواست دینی چاہئے جس میں اس ریکارڈ کی نشاندہی کی جانی چاہئے جس کا معائنہ مطلوب ہے۔

**طالب علم کے ریکارڈ میں ترمیم:** آپ کو کسی بھی تعلیمی ریکارڈ میں، جو آپ کے خیال میں غلط یا گمراہ کن ہیں، یا آپ کے بچے کی رازداری یا دیگر حقوق کی خلاف ورزی کرتے ہیں، ترمیم کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔ اس سلسلے میں آپ کو اپنے بچے کے پرنسپل کو تحریری درخواست دینی چاہیے اور ریکارڈ کے اس حصے کی واضح طور پر نشاندہی کرنی چاہئے جو آپ کے خیال میں تبدیل کیا جانا چاہیئے، اور اس بات کی وضاحت کرنی چاہیئے کہ یہ کیوں غلط، گمراہ کن، یا آپ کے بچے کی رازداری یا دیگر حقوق کی خلاف ورزی کرتا ہے۔ اگر FCPS یہ طے کرتا ہے کہ آپ کی درخواست کے مطابق ریکارڈ میں تبدیلی نہ کی جائے، تو FCPS آپ کو مطلع کرے گا ، آپ کو ترمیم کی درخواست کے بارے میں آپ کے سماعت کے حق کے بارے میں بتائے گا، اور سماعت کے طریقہ کار کے متعلق مزید معلومات فراہم کرے گا ۔

**طالبعلم کے ریکارڈز کی دیکھ بھال اور تحفظ:** پالیسی 6470 کے حالیہ نسخوں اور FCPS ریکارڈ مینجمنٹ مینوئل کے مطابق طالبعلم کے تعلیمی ریکارڈ کی دیکھ بھال کی جاتی ہے۔ ایسے طلباء کے والدین کو جوخصوصی تعلیم کے پروگرام میں داخل ہیں یا داخل رہ چکے ہیں، معلوم ہونا چاہئے کہ خصوصی تعلیم کے ریکارڈز، اس کے فارغ التحصیل ہونے، ورجینیا بورڈ آف ایجوکیشن کا پروگرام مکمل کرنے، تبادلوں، یا اسکول سے نکالے جانے، جو بھی پہلے آجائے، کے بعد پانچ برس تک محفوظ رکھے جائیں گے۔ پانچ برس گذرنے کے بعد یہ ریکارڈز ضائع کر دیئے جائیں گے۔ والدین کو کسی بھی ریکارڈز کی کاپیوں کی درخواست کے لیے طریقہ کار کے مطابق منصوبہ بندی کرنی چاہیے کیونکہ ایسے ریکارڈ میں دی ہوئی بعض معلومات کی، طالبعلم کو یا اس کے والدین کو سوشل سیکوریٹی یا دوسرے فوائد حاصل کرنے کیلئے ضرورت پڑ سکتی ہے ۔

**بیرونی اداروں کو، معلومات کا اجراء :** FCPS ، طلباء کے بارے میں ذاتی معلومات جمع کرتا ہے، جنہیں ڈائریکٹری کی معلومات کہا جا تا ہے اور یہ معلومات FCPS کی طرف سے انتخاب کردہ بعض کاروباری اداروں کو افشا کر دی جاتی ہیں جو FCPS اور اس کے طلباء کو اسکول- بیسڈ مصنوعات یا خدمات فراہم کرتے ہیں ۔ ان اسکول-بیسڈ مصنوعات یا خدمات میں، اندراج اور ڈپلومہ تصدیق کرنے کی خدمات شامل ہیں ۔ **اگر آپ نہیں چاہتے کہ ان مقاصد کے لیئے، آپ کے بچے کی ذاتی کوائف باہر کے اداروں کے سامنے ظاہر کیئے جائیں تو صفحہ نمبر 14 پر دیا ہوا علیحدگی کا فارم مکمل کیجیئے ۔** آپ کے انتخاب کا اطلاق صرف 2023-24 کے تعلیمی سال پر ہی ہوتا ہے۔ تاہم اگر آپ کا بچہ گریجویشن کر لیتا ہے یا FCPS سے الگ ہو جاتا ہے، تو FCPS آپ کے علیحدگی کے اس فیصلے پر عمل کرتا رہے گا جس کا انتخاب آپ نے آخری بار اس وقت کیا تھا جب آپ کا بچہ FCPS میں زیر تعلیم تھا سوائے اس کے کہ آپ FCPS کو مطلع کر دیں کہ آپ نے اپنا فیصلہ منسوخ کر دیا ہے۔

**طالب علم کا ریکارڈ جاری کرنا:** جب تک وفاقی یا ریاستی قانون کی مرضی کے بغیر انکشاف کا خصوصی طور پر اختیار نہیں دے دیا جاتا، آپ کو اجازت دینے کا حق حاصل ہے اس سے پہلے کہ FCPS اپنے طالب علم کے تعلیمی ریکارڈ سے ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کا انکشاف کرے ۔ تعلیمی ریکارڈ ز والدین کی رضامندی حاصل کئے بغیر صرف FERPA اور Regulation 2701. اور Policy 2701 کے تازہ ترین نسخوں کی شقوں کے تحت جاری کئے جاتے ہیں ۔ FCPS مینجمنٹ آف اسٹوڈنٹ اسکولیسٹک ریکارڈز مینوئل اور ریگولیشن 2601 کا حالیہ نسخہ (طالبعلم کے حقوق اور ذمہ داریاں [SR&R] کا کتابچہ)، طالبعلم کے ریکارڈ کی پالیسیوں کے بارے میں مزید تفصیل فراہم کرتا ہے۔ براہِ مہربانی یہ بات نوٹ کیجیئے کہ جائز تدریسی دلچسپیوں کے حامل اسکول حکام کو ایسی معلومات ظاہر کرنے کیلئے رضا مندی حاصل کرنے کی ضرورت نہیں۔ اسکول کے عہدیدار سے مراد جو FCPS کی طرف سے ملازمت پر رکھا گیا فرد جیسے منتظم، سپروائزر، انسٹرکٹر، یا امدادی عملے کا رکن ( بشمول اسکول ایجوکیشن اور ریسورس افسران، اسکول کی نرسیں، کلینک روم کے معاونین، اور محکمۂ صحت کا عملہ جو اسکول کے پروگرام کے ایک جزو کے طور پر طلباء کو بعض سہولتیں فراہم کرتا ہے)؛ کوئی ایسا فرد جو اسکول بورڈ میں شامل ہو؛ کوئی ایسا فرد، تنظیم یا کمپنی جسے FCPS نے کسی مخصوص کام کیلئے کوئی ٹھیکہ دیا ہے (مثلاً اٹارنی، آڈیٹر، میڈیکل کنسلٹنٹ، یا تھریپسٹ)؛ یا کوئی رضاکار جو کسی دفتری کمیٹی میں کام کر رہا ہو، یا جو اسکول کے کسی عہدیدار کو اس کے معینہ فرائض کی بجا آوری میں مدد دے رہا ہو۔ "جائز تعلیمی مفاد" سے مراد ایسی صورت حال ہے جب کوئی پیشہ ورانہ ذمہ داری پوری کرنے کیلئے ریکارڈز کو دیکھنا ضروری ہو۔ کسی دوسرے اسکول یا اسکول ڈویژن کے حکام کو تعلیمی ریکارڈز

جاری کرنے کیلئے رضامندی حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے، اگر آپ کا بچہ وہاں داخلہ لیتا ہے، یا وہاں داخلے کیلئے سرگرداں ہے یا ایسا ارادہ رکھتا ہے۔ FCPS کسی دوسرے اسکول یا اسکول ڈویژن کی طرف سے درخواست موصول ہونے پر ایسے تعلیمی ریکارڈز وہاں روانہ کر دیتے ہیں ۔ جن والدین کے ذہن میں FCPS کے طالبعلم کے ریکارڈز کے طریقۂ کار کے بارے میں کوئی سوال ہوں، انہیں اپنے بچے کے اسکول کے ذمہ دار ریجنل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کے دفتر سے رابطہ کرنا چاہیئے۔

**بالغ طلباء کے حقوق:** طالبعلم کی عمر 18 برس ہونے کے بعد یا طالب علم کے خود مختار ہونے کے بعد، اوپر بیان کردہ اسکول کے ریکارڈز کے معائنہ کرنے، ریکارڈز میں ترمیم کی درخواست کرنے، اور طالب علم کے ریکارڈز کو افشاء کرنے کی اجازت دینے کا حق والدین سے طالب علم کو منتقل ہو جاتا ہے۔ جب تک طالبعلم والدین کے زیر کفالت رہتا ہے، FCPS والدین کو ریکارڈز کا معائنہ کرنے اور طالبعلم کے ریکارڈز کی معلومات موصول کرنے کی اجازت دینے کی صوابدید محفوظ رکھتا ہے۔

**FCPS کے طالبعلم کے شناختی نمبرز:** فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) طالب علموں کے آئی ڈی نمبرز ( FCPS student ID) عام افراد کو افشاء نہیں کرتے۔ طلباء کے تعلیمی ریکارڈ کو منظم کرنے اور ہر ہر طالبعلم کیلئے منفرد امتزاج کے پاس ورڈز کا استعمال کر کے بعض FCPS الیکٹرونک سسٹموں تک طلباء کو رسائی کی اجازت دینے کیلئے FCPS طلباء کے IDs کو صرف FCPS استعمال کرتا ہے ۔ تاہم، گوگل ایپ جیسی انٹر نیٹ کی بعض تدریسی ایپلی کیشنز انفرادی صارفین کے ناموں کی ڈائریکٹری فہرست فراہم کرتی ہیں، جو کہ اس ایپلی کیشن کو استعمال کرنے والے FCPS کے دیگر تمام طلباء کے لیئے، دستیاب ہیں۔ اس ڈائریکٹری کا مقصد طلباء کو آپس میں رابطہ قائم کرنے کی اجازت دینا ،اس ایپلی کیشن کے اندر رہتے ہوئے، کلاس کے پراجیکٹس پر مل کر کام کرنا ہے۔ یہ یوزر نیم آپ کے بچے کا FCPS اسٹوڈنٹ آئی ڈی ہے۔ **اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کے بچے کا FCPS اسٹوڈنٹ آئی ڈی ان درخواستوں کی آن لائن ڈائریکٹری میں شائع کیا جائے تو صفحہ نمبر 14 پر فراہم کردہ علیحدگی کا فارم بھریے** اور مکمل علیحدگی کا اختیار ملاحظہ کیجیئے، جو آپ کے بچے کی ڈائریکٹری کی معلومات سمیت، طالب علم کے سالنامے اور گریجوئشن سے متعلق کوئی بھی معلومات کے انکشاف کو روکتا ہے، یا چوائس D استعمال کرنے سے آپ کے بچے کی تدریسی ایپلی کیشن کے لیئے، آن لائن ڈائریکٹری میں شمولیت کو، FCPS کے اسٹوڈنٹ آئی ڈی سے علیحدہ کر دیا جائے گا ۔ ان میں سے کوئی بھی انتخاب آپ کے بچے کو اپنے FCPS کے اسٹوڈنٹ ID کو استعمال کرتے ہوئے ضروری تدریسی ایپلیکشنز کو لاگ ان ہونے سے یا اپنی کلاس کے ممبران کے ساتھ آن لائن پراجیکٹس میں شرکت کرنے سے استثنیٰ فراہم نہیں کرتا۔

براہِ مہربانی یاد رکھیے کہ FCPS کی اسٹوڈنٹ ID بذات خود تعلیمی ریکارڈز تک رسائی کیلئے استعمال نہیں کی جا سکتی ، ماسوائے اس کے کہ اسے ایک یا ایک سے زیادہ دیگر عوامل کے ساتھ استعمال کیا جائے جس سے استعمال کنندہ کی شناخت کی تصدیق ہو سکے (جیسے کہ پاس ورڈ، یا اسکول کے عملے کی تصدیق کہ ریکارڈ تک رسائی کرنے والے کو اس کا اختیار حاصل ہے) ۔ سوشل سیکوریٹی نمبر کے بر عکس، FCPS کی اسٹوڈنٹ ID طالب علم کے ذاتی، سماجی، طبی، یا مالی ریکارڈ پر اثر ڈالنے کیلئے دوسرے اداروں کی طرف سے استعمال نہیں کی جاتی۔

**طالبعلم کی تصاویر اور ویڈیو شبیہہ:** FCPS کے اندر، FCPS کی تعلیم سے متعلقہ سرگرمیوں میں استعمال کیلئے، FCPS کے اراکین عملہ یا FCPS کیلئے کام کرنے والے فروخت کنندگان آپ کے بچے کی تصاویر لے سکتے ہیں یا ویڈیو بنا سکتے ہیں، مثال کے طور پر اساتذہ کی تربیت کیلئے استعمال یا طالبعلم کی جانچ کے مقاصد کیلئے طالبعلم کی شناختی تصاویر یا کمرۂ جماعت کی سرگرمی کی ویڈیو ریکارڈنگ ۔ اندرونی استعمال کے علاوہ، FCPS آپ کے بچے کی تصاویر کو بطور ڈائریکٹری کی معلومات کے، جیسے اسکول کے سالنامے کی صورت میں عوام کے سامنے ظاہر کر سکتے ہیں ۔ FCPS اپنے فوٹو گرافک پروڈکشن یا FCPS کے زیر اہتمام دیگر تشہیروں، جس میں سوشل میڈیا شامل ہے، آپ کے بچے کی تصویر، نام یا آواز ظاہر کر سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں ، نیوز میڈیا کو اسکول میں مدعو کیا جاسکتا ہے ، جس سے آپ کے بچے کی تصویر نیوز کوریج میں نمودار ہوسکتی ہے ( FCPS سے متعلق وڈیو میں یا پرنٹ میڈیا جیسا کہ ٹی وی ، ریڈیو ، آن لائن یا مطبوعہ خبریں)

تاہم اگر آپ نے مکمل علیحدگی کا انتخاب کیا ہے کوئی ایسی تصویر یا وڈیو ٹیپ کو ، جس میں آپ کا بچہ موجود ہے اور FCPS کے پاس محفوظ ہے، FCPS کی حدود سے باہر نہیں جاری کیا جائے گا، ماسوائے اس کے کہ آپ نے تحریری طور پر اپنی رضا مندی دے دی ہو، یا وفاقی یا ریاستی قانون کے تحت اس کے جاری کئے جانے کی اجازت دی گئی ہو۔ آن لائن کلاس میں طالب علم کی لی گئی تصاویر یا ویڈیوز اس علحیدگی کا حصہ نہیں ہوں گی ۔ تاہم، آن لائن کلاس کی اس طرح کی بنائی گئی ویڈیوز صرف کلاس روم کے دیگر طلباء کو، آن لائن اسباق دیکھنے کے لیئے، دستیاب ہوں گی اگر آپ اس آپشن کا انتخاب کرتے ہیں تو آپ کے بچے کی تصویر اسکول کے سالنامے میں شائع نہیں کی جائے گی ۔

اگر آپ چوائس C کا انتخاب کرتے ہیں تو آپ کے بچے کی تصویر، نام اور آواز فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) کی مالی اعانت سے ہونے والی تشہیر کیلئے فوٹو گرافک پروڈکشن میں استعمال نہیں کی جائے گی ، جب FCPS کو ان تک رسائی کا کنٹرول حاصل ہو ۔ آپ کا بچہ اسکول کے سالنامے میں شامل کیا جائے گا ۔

براہ مہربانی نوٹ کیجیئے کہ اگر آپ مکمل علیحدگی اور چوائس C کا انتخاب کرتے ہیں تو FCPS کے پاس آپ کے بچے کی محفوظ تصاویر اور ویڈیوز کی تشہیر FCPS کے طرف سے، محدود کردی جائے گی۔ جب ایسا کرنا تعلیمی یا کاروباری ضرورت ہو تو علیحدگی کا کوئی بھی انتخاب FCPS کو تصاویر یا ویڈیو ٹیپ بنانے سے نہیں روکتا۔ براہ مہربانی یہ بھی نوٹ کیجیئے کہ FCPS ان تصاویر یا ویڈیوز کے ظاہر کیئے جانے یا ان کے استعمال کو کنٹرول نہیں کرتا جو ایسے پروگراموں کے شرکاء بناتے ہیں جن میں والدین ، کمیونٹی کے اراکین، اور/ یا میڈیا کو کھلے عام آنے کی اجازت ہوتی ہے۔ ان سرگرمیوں اور تقریبات میں اسکول میں ہونے والی پرفارمنسز، گریجویشن اور انعامات کی تقسیم کی تقریبات ، کلاس کی پارٹیاں ، اور کھیلوں کے مقابلے شامل ہیں ، لیکن یہ انھیں تک محدود نہیں ہیں ۔ اسکول کے اوقات کار کے دوران، FCPS اس حد تک میڈیا کی رسائی کو کنٹرول کرتے ہیں، کہ وہ میڈیا کو ایسے طالبعلم کی تصویر، وڈیو، یا نشریاتی مماثلت کی اجازت نہیں دیں گے جن کے والدین نے مکمل طور پر علیحدگی یا چوائس C کو منتخب کیا ہے۔

## ڈائریکٹری کی معلومات:

وفاقی قانون طالب علم کے ریکارڈ سے ڈائریکڑی کی معلومات کو والدین کی پیشگی تحریری رضامندی کے بغیر افشاء کرنے کی اجازت دیتا ہے— ماسوائے کہ والدین نے افشائے راز کرنے کا حق استعمال کر لیا ہو۔ **ڈائریکٹری کی معلومات معمول کی وہ معلومات ہیں جسے ظاہر کیا جانا عام طور پر نقصان دہ نہیں سمجھا جاتا ۔** لہذا، اس قسم کی معلومات، اسکول کی مطبوعات میں شامل کی جا سکتی ہیں، اور باہر کے درخواست گزاروں کو دی جا سکتی ہیں، ماسوائے اس کے کہ آپ نے آپٹ آؤٹ کیا ہو۔ **FCPS نے ڈائریکٹری کی معلومات میں یہ چیزیں شامل کی ہیں( لیکن یہ ان چیزوں تک محدود نہیں ہیں):**

- نام، مع عرفیت ۔
- باضابطہ طور پر تسلیم شدہ سرگرمیوں اور اسپورٹس میں شرکت ۔
- کھلاڑیوں کی ٹیم کا رکن ہونے پر، قد اور اس کا وزن ۔
- انرولمنٹ کی تاریخ ۔
- ڈگریاں، انعامات اور اعزازات ۔
- اسکول اور گریڈ ۔
- تصاویر اور دیگر شبیہہ ۔
- والد/ والدہ یا سرپرست یا اس فرد کا نام جس کے ساتھ طالب علم رہتا ہے ۔
- تاریخ پیدائش ۔
- والد/ والدہ کے ای میل ایڈرس ( صرف محدود مقاصد کیلئے ۔ درج ذیل ملاحظہ کیجیئے) ۔
- طالب علم کا شناختی (ID) نمبر (طالب علم کے ID نمبر ڈائریکٹری کی معلومات کے طورپرصرف اس کتابچہ میں بیان کردہ مقاصد کے لیئے، جاری کیئے جائیں گے) ۔

براہِ مہربانی نوٹ کیجیئے کہ بعض حالات میں، وفاقی اور ریاستی قوانین کے تحت مندرجہ بالا معلومات کو مجاز افراد یا اداروں کو ظاہر کرنے کی اجازت دے سکتا یا تقاضا کر سکتا ہے، چاہے آپ نے ڈائریکٹری کی معلومات کو افشا نہ کرنے کا انتخاب کیوں نہ کر لیا ہو۔ مثال کے طور پر، ان ایجنسیوں کو پروگرام کے تقاضوں کے مطابق FCPS کی تعمیل کی جانچ کرنے دینے کیلئے، ریاستی اور وفاقی قانون، والدین کی اجازت کےبغیر، امریکی اور ورجینیا کے محکمہ ہائے تعلیم کو معلومات جاری کرنے کا اختیار دیتا ہے۔

براہ مہربانی یہ بھی نوٹ کیجیئے کہ FCPS طالب علم کو وہ اسٹوڈنٹ آئی ڈی کارڈ یا بیج پہننے، عوامی سطح پر ظاہر کرنے، یا تشہیر کرنے کے لئے کہہ سکتا ہے جو وہ معلومات ظاہر کرتا ہے جو اس نوٹس میں ڈائریکٹری کی معلومات کے طور پرنامزد کی گئ ہیں ۔ ذاتی طورپر یا آن لائن تعلیم کے ماحول میں اور یہ ڈائریکٹری کی معلومات کے علحیدگی کے آپشن کے ذریعہ مستثنیٰ نہ کی گئی ہوں ۔

**ڈائریکٹری کی معلومات کا عوامی انکشاف مختلف طریقوں سے کیا جا سکتا ہے۔** وہ معلومات جنہیں ڈائریکٹری کی معلومات کے طور پر نامزد کیا گیا ہے FCPS کے باہر درخواست گزاروں، مثلاً; میڈیا، اسکول سے متعلق تنظیموں جیسے PTAs اور بوسٹر تنظیموں; اور ریاست اور کاؤنٹی کی ایجنسیوں کو فراہم کیا جاسکتا ہے ۔ ڈائریکٹری کی معلومات FCPS کی مطبوعات میں بھی شامل کی جا سکتی ہیں جو عام طور سے عوام کو فراہم کی جاتی ہیں، جیسا کہ:

- اسکول کے سالنامے (تصاویر) ۔
- ٹیم کا نظام الاوقات ۔
- گریجویشن، تھیٹر، کھیل ، اور موسیقی کے پروگرام ۔
- پرفارمنسز، اسکول کی سرگرمیوں اور کھیلوں کی تقریبات کی ویڈیوز یا تصاویر۔
- اسکول کی سرگرمیوں اور کھیلوں کےواقعات کے بارے میں مضامین ۔

انعامات، اعزازات، اور وظائف حاصل کرنے والوں کی فہرستیں۔ PTAs اور بوسٹر تنظیموں کوخاندانوں کی رازداری کے حوالہ سے تشویش کا خیال رکھنا چاہیئے اور ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ یقینی بنائیں کہ خاندان کی رکنیت اور یا شرکت کو خاندان کی جانب سے معلومات جیسا کہ پتہ، ای میل اور فون نمبر کے افشاء کرنے سے مشروط نہ کریں ۔

براہِ مہربانی نوٹ کیجیئے کہ ڈائریکٹری کی معلومات کے بعض مندجات جنہیں FCPS نے "محدود مقاصد" کیلئے ہونے پر نامزد کیا ہے، وہ صرف کمیونٹی کی بعض مخصوص تنظیموں پر ظاہر کی جا سکتی ہیں؛ یہ معلومات کسی کو آپ کی تحریری رضا مندی کے بغیر فراہم نہیں کی جائیں گی ، ماسوائے اس کے کہ ان کے ظاہر کرنے کی اجازت وفاقی یا ریاستی قانون کے تحت دی گئی ہو ۔ مزید معلومات کیلئے ذیل میں محدود پیمانے پر علیحدگی کے آپشنز میں چوائسز A اور B دیکھیئے۔

**آپ کا انتخاب تعلیمی سال 24-2023 کیلئے ہے، اس کا اطلاق صرف 24-2023 کے تعلیمی سال پر ہوتا ہے۔** تاہم اگر آپ کا بچہ گریجویشن کر لیتا ہے یا FCPS سے الگ ہو جاتا ہے، تو FCPS آپ کے علیحدگی کے اس فیصلے پر عمل کرتا رہے گا جس کا انتخاب آپ نے آخری بار اس وقت کیا تھا جب آپ کا بچہ FCPS میں زیر تعلیم تھا سوائے اس کے کہ آپ FCPS کو مطلع کر دیں کہ آپ نے اپنا فیصلہ منسوخ کر دیا ہے ۔ ڈائریکٹری کی معلومات کو مکمل یا محدود حد تک افشائے راز کرنے کے بارے میں آپ کے اختیارات ذیل میں واضح کیئے گئے ہیں ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے کا نام اسکول کے سالنامے میں یا گریجویشن پروگرام میں شامل کیا جائے تو مکمل علیحدگی کے آپشن کا انتخاب مت کیجیئے ۔ محدود پیمانے پر علیحدگی کی کسی بھی آپشن کا انتخاب اسکول کے سالنامے یا گریجویشن پروگرام میں آپ کے بچے کی شمولیت کو متاثر نہیں کرے گا؛ اس سے صرف بعض بیان کردہ مخصوص معلومات کا افشا کیا جانا محدود ہو جائے گا ۔

## ڈائریکٹری کی معلومات سے علیحدگی کے آپشنز (مکمل اور محدود)

1. **مکمل علیحدگی کے فیصلے کا انتخاب:** آپ کے بچے کے بارے میں ڈائریکٹری کی تمام معلومات افشاء ہونے سے روک سکتا ہے ۔ اس کا مطلب ہے کہ FCPS وہ تمام معلومات جو ڈائریکٹری کی معلومات کی تعریف میں آتی ہیں، FCPS کے باہر کسی بھی درخواست گزار کو فراہم نہیں کریں گے (بشمول اسکول سے جڑی تنظیمیں جیسے PTAs اور بوسٹر تنظیمیں اور ریاست اور کاؤنٹی کی ایجنسیاں اور باہر کے ادارے)، ماسوائے جب تک وفاقی یا ریاستی قوانین کے تحت اجازت نہ دی گئی ہو۔ اس کا مطلب یہ بھی ہوگا کہ آپ کے بچے کے بارے میں تمام معلومات اسکول کی تمام مطبوعات سے، جو پبلک کو دستیاب ہیں، مکمل طور پر علیحدہ کر دیا جائے گا، **ان میں اسکول کے سالنامے، گریجویشن پروگرام ،** اعزازات کی فہرستیں، تصویریں، اور وڈیو پروڈکشنز شامل ہیں ۔ براہِ مہربانی یہ بات نوٹ کیجیئے کہ مکمل علیحدگی کے انتخاب کا مطلب ہے کہ آپ چوائسز A, B, C اور D کے محدود بے دخلی کے آپشن میں بیان کردہ معلومات کے اظہار سے بے دخلی کا انتخاب کر رہے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ ، باہر کے اداروں کو معلومات جاری کرنے پر اعتراض بھی شامل ہے ۔

2. **محدود پیمانے پر علیحدگی کےآپشنز:** ایسے آئیٹمز جو ڈائریکٹری کی معلومات کی تعریف میں آتے ہیں، فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) کے باہر سے درخواست ملنے پر جاری کئے جا سکتے ہیں، اور اسکول کی ایسی مطبوعات میں شامل کیئے جا سکتے ہیں جو عوام میں تقسیم کی جا تی ہیں ۔ ان میں اسکول کے سالنامے ، اعزازات کی فہرستیں ، تصویریں ، اور وڈیو پرو ڈکشن شامل ہیں ۔ براہِ مہربانی نوٹ کیجیئے کہ اسکا یہ مطلب بھی ہے کہ ڈائریکٹری کی بعض معلومات جن کی "محدود استعمال" کے طور پر نشاندہی کی گئی ہے، (والد/ والدہ کے ای میل ایڈریس اور طالبعلم کی آئی ڈی) ان تنظیموں پر ظاہر کی جا سکتی ہیں، جن کی شناخت درج ذیل انتخابات A اور B میں کی گئی ہیں۔ اگر آپ نہیں چاہتے کہ یہ تنظیمیں ڈائریکٹری کی معلومات سے ان اضافی مندرجات کو وصول کریں تو براہِ مہربانی چوائس A یا B یا دونوں کا انتخاب کیجیئے۔ انتخاب C کے ذریعے آپ اپنے بچے کو فوٹوگرافک پروڈکشنز سے اور FCPS کی مالی اعانت سے تشہیر کے دوسرے پروگراموں سے علیحدہ کر سکتے ہیں ۔

- **انتخاب A۔** FCPS والد/ والدہ کے ای میل ایڈرس PTAs، بوسٹر تنظیموں اور اسکول سے متعلق دوسری تنظیموں کو فراہم کرسکتے ہیں ۔ عام طورپر یہ تنظیمیں ان معلومات کو طالب علم کی ڈائریکٹریاں ( الیکٹرانک یا کاغذ) شائع کرنے اور اسکول سے متعلق سرگرمیوں کے بارے میں آپ کے اہل خانہ سے رابطہ کیلئے استعمال کرتی ہیں ۔ آپ ای نوٹی فائے سسٹم کے ذریعے، FCPS اور اپنے بچے کے اسکول سے، بدستور ای میل میسجز موصول کرتے رہیں گے ۔ **اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے ای میل ایڈریس اسکول سے متعلقہ تنظیموں کو فراہم نہ کیئے جائیں تو انتخاب A پر نشان لگائیے ۔**

- **انتخاب B۔** اگر FCPS اس بات کا تعین کرتے ہیں کہ اس طرح کی معلومات طلباء اور اسکول کمیونٹی کو، سہولیات فراہم کرنے میں مدد کرے گی تو FCPS کی طرف سے ریاست اور کاؤنٹی کی ایجنسیوں کو آپ کے والدین کے ای میل ایڈریس فراہم کیئے جا سکتے ہیں، **اگر آپ نہیں چاہتے کہ ریاست اور کاؤنٹی کی ایجنسیاں آپ کے بچے سے متعلق ایسی ڈائریکٹری کی معلومات حاصل کریں تو انتخاب B پر نشان لگائیے ۔**

- **انتخاب C** ۔ ٹیلی وژن، آڈیو اور ویڈیو ریکارڈنگ ، ویب سائٹ ، سوشل میڈیا (جیسے فیس بک) اور ساکت تصاویر کی پروڈکشن میں FCPS شمولیت اختیار کرتے ہیں ، جن میں آپ کے بچے کا نام، شباہت یا آواز استعمال ہو سکتی ہے ۔ اس قسم کی پروڈکشنز تعلیمی مقاصد کیلئے فروخت یا استعمال کی جا سکتی ہیں ، FCPS ان کے جملہ حقوق محفوظ کر سکتا ہے ، ان میں ترمیم کر سکتا ہے اور تقسیم کر سکتا ہے ۔ **اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے کی تصویر ، نام یا آواز ان پروڈکشنز میں استعمال نہ ہو تو آپشن C پر نشان لگا دیجیئے۔ (چوائس C کا انتخاب آپ کے بچے کو اسکول کے سالنامے سے، الگ نہیں کرے گا۔)**

قطع نظر اس بات کے کہ آپ نے مکمل علیحدگی کا فیصلے کا انتخاب یا انتخاب C چنا ہے ، FCPS کے اندر، FCPS کی تعلیم سے متعلقہ سرگرمیوں میں استعمال کیلئے، FCPS کے اراکین عملہ یا FCPS کیلئے کام کرنے والے فروخت کنندگان آپ کے بچے کی تصاویر لے سکتے ہیں یا ویڈیو بنا سکتے ہیں، مثال کے طور پر اساتذہ کی تربیت کیلئے استعمال یا طالبعلم کی جانچ کے مقاصد کیلئے طالبعلم کی شناختی تصاویر یا کمرۂ جماعت کی سرگرمی کی ویڈیو ریکارڈنگ ۔ تاہم اگر آپ نے مکمل علیحدگی کا انتخاب کیا ہے تو کوئی ایسی تصویر یا وڈیو ٹیپ ، جس میں آپ کا بچہ موجود ہے اور FCPS کے پاس محفوظ ہے، کسی کو جاری نہیں کیا جائے گا جو FCPS کا اہلکار نہ ہو، ماسوائے اس کے کہ آپ نے تحریری طور پر اپنی رضا مندی دے دی ہو، یا وفاقی یا ریاستی قانون کے تحت اس کے جاری کئے جانے کی اجازت دی گئی ہو۔

- **انتخاب D.** طالب علم کی رسائی کیلیئے، FCPS کی ایپلی کیشنوں میں طالب علم کی ID بطور یوزر نیم/ لاگ آن ID کے طور پر استعمال ہو سکتی ہے ۔ یہ ایپلی کیشنز انفرادی یوزر نیمز کی ڈائریکٹریاں بھی فراہم کر سکتی ہیں جو کہ ان ایپلی کیشنوں کو استعمال کرنے والے دیگر طلباء اور اسکول کے عملہ کے لیئے دستیاب ہیں ۔ اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کے بچے کا یوزرنیم (اسٹوڈنٹ آئی ڈی) FCPS کی ایپلی کیشنز کی ایسی ڈائریکٹریوں میں درج کیا جائے تو چوائس D پر نشان لگا دیجیئے ۔ (چوائس D کے انتخاب کی بنا پر آپ کے بچے کو اس کے اپنے طالبعلم ID/ یوزر نیم کے ذریعے ان ایپلی کیشنوں تک رسائی سے محروم نہیں کیا جائے گا ۔)

- **انتخابE.** The Library Equity Access Pass یا LEAP پراجیکٹ عوامی لائبریری میں خواندگی اور کمیونٹی کے درمیان رابطے کو، فروغ دیتا ہے۔ FCPS میں داخل ہونے کی وجہ سے، کوئی بھی طالب علم عوامی لائبریری جا سکتا ہے اور اپنا نام فراہم کر کے لائبریری سے کتابیں اور میڈیا لے سکتا ہے اور اس اکاؤنٹ میں لیٹ فیس یا پیسے نہیں لگتے ۔ ایک وقت میں تین سے زیادہ آئیٹمز، لائبریری سے چیک آؤٹ نہیں کروائی جا سکتیں ۔ ایسے طلباء، جو لائبریری سے ایک ساتھ تین سے زیادہ چیزیں لینا یا ڈیجیٹل ذرائع تک رسائی حاصل کرنا چاہتے ہیں، وہ عام لائبریری اکاؤنٹ استعمال کرسکتے ہیں ۔

LEAP اکاؤنٹس بنانے کے لیئے، FCPS نے فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک لائبریری میں، بذریعہ الیکٹرانک ٹرانسفر، طالب علم کا پہلا اور آخری نام اور طالب علم کا ID نمبر بھیجا ہے۔ اس ٹرانسفر کی تکمیل اور ڈیٹا کی رازداری FERPA اور COPPA کی جانب سے بنائے گئے قانون کے مطابق کی جائے گی ۔ کسی بھی طالب علم کے نام اور آئی ڈی نمبر سے زیادہ اس کا ڈیٹا کسی کو بھی بتایا نہیں جائے گا اور یہ ڈیٹا فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک لائبریری (FCPL) کی طرف سے صیغہ راز میں رکھا جائے گا ۔

LEAP پروگرام سے ہٹانے کی درخواست پورے تعلیمی سال کے دوران نافذالعمل رہے گی، ماسوائے اس کے کہ بچے کے والد/ والدہ یا سرپرست کی جانب سے، بے دخلی کی منسوخی کی تحریری درخوست دی جائے۔ **بے دخلی کی درخواست صرف موجودہ تعلیمی سال کے لیئے، ہوتی ہے۔** والدین اور سرپرست کو ہر سال درخواست جمع کرانے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ کوئی سوال پرچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی لائبریری انفارمیشن سروس سے رابطہ کیجیئے ۔ LIS@fcps.edu.

**فوجی بھرتی کار:** وفاقی قانون تقاضا کرتا ہے کہ سیکنڈری اسکول، معلومات کی درخواست کرنے والے فوجی بھرتی کاروں کو سیکنڈری اسکولوں کے طلباء کے نام ، پتے اور ٹیلی فون نمبرز جاری کریں ۔ آپ یا طالب علم ( اگر طالب علم کی عمر 18برس نہیں ہوئی ہے، یا وہ خود مختار ہے، تو بھی) ان معلومات کو فوجی بھرتی کرنے والوں کو جاری کیے جانے سے روک سکتے ہیں ۔ **آپ یا طالب علم صفحہ 14 پر دیا ہوا فارم مکمل کر کے علحیدگی اختیار کرسکتے ہیں۔**

## اسکول کونسلنگ

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) میں اسکول کونسلنگ کے پروگرامز ورجینیا بورڈ آف ایجو کیشن کے ضابطوں اور فیئر فیکس کاؤنٹی اسکول بورڈ کی پالیسی کی تعمیل میں فراہم کیئے جاتے ہیں ۔ اسکول اور زندگی بھر تحصیل علم کی طرف مثبت تعلیمی طرزعمل پر اور زندگی اور ملازمت کیلئے علم اور ہنرمندی پر توجہ مرکوز کر کے، تعلیمی کونسلنگ کا پروگرام تمام طلباء کو مہیا کردہ جامع تعلیم کا جزو ہے۔ اس میں شامل ہیں:

- **تعلیمی کونسلنگ**، جو کہ طلباء اور ان کے والدین یا سرپرستوں کو نصاب کے چناؤ اور ٹیسٹوں کے بارے میں جاننے اور گریجویشن اور کالج ، کیرئیر، اور دیگر تعلیمی مواقع کی طرف منتقلی میں رہنمائی کرنے والے موزوں کورسوں کو چُننے میں

مدد کرتی ہے ۔

- **کیرئیر کونسلنگ**، جو کہ کام ، ملازمتوں ، اپرینٹس شپپز اور بعد از سکینڈری اسکول ، اور روزگار کے مواقع کیلئے منصوبہ بندی کرنے کیلئے معلومات اور ہنر حاصل کرنے میں طلباء کی مدد کرتی ہے ۔ تعلیمی کونسلنگ پروگرام میں طلباء کو اپنے آپ کو سمجھنے میں ، اور دوسروں کے حقوق اور ضرورتوں کا احساس کرنے، تنازعات کا تصفیہ کرنے میں ، اور دلچسپیوں ، صلاحیتوں اور رجحان طبع کی عکاسی کرتے ہوئے انفرادی اہداف مقرر کرنے میں مدد دیتا ہے ۔
- **سماجی یا جذباتی کونسلنگ** بڑے گروپوں کی شکل میں دی جا سکتی ہے، (مثال کے طور پر کلاس روم کی ہدایات کے دوران نویں گریڈ کے تمام طلباء) جس میں معاشرتی ارتقاء کے عمومی مسائل کا احاطہ کیا جاتا ہے یا منظم انفرادی یا چھوٹے گروپ میں بہت سی نشستوں والی کونسلنگ ، جو شرکت کرنے والے فرد (افراد) کے مخصوص مسائل پر توجہ مرکوز کرتی ہے ۔ والدین یا سرپرست چھوٹے گروپ والی قلیل المدت معاشرتی یا جذباتی کونسلنگ کا تحریری نوٹیفیکیشن موصول کریں گے ۔ امن و امان، نظم و ضبط اور سودمند تعلیمی ماحول کیلیئے درکار قلیل المدت سماجی یا جذباتی کونسلنگ اور/ یا بحران میں اصلاحی اقدام کیلئے والدین یا سرپرست کی مرضی کی ضرورت نہیں ۔

**صفحہ 15 پر دیا ہوا علیحدگی کا فارم بھر کر آپ کسی بھی وقت اپنے بچے کو تعلیمی، کیریئر، یا سماجی یا جذباتی کونسلنگ سے علیحدہ کر سکتے ہیں ۔** جب تک والدین علیحدگی کی درخواست کو تحریری شکل میں واپس نہ لے لیں، علیحدگی کے اختیار کی درخواست، اسکول میں وصولی کی تاریخ سے لے کر طالب علم کے FCPS میں K-12 کے کیرئیر کی پوری مدت میں مؤثر رہے گی ۔ والد/ والدہ یا سرپرست جو اپنے بچے کو تعلیمی یا کیئریر کونسلنگ سے علیحدگی رکھنے کا فیصلہ کرتے ہیں، وہ اس امر کو یقینی بنانے کے خود ذمہ دار ہونگے کہ بچے کی گریجویشن کرنے کی تمام تعلیمی شرائط پوری ہو جائیں ۔ اسکول کونسل سے رابطہ کر کے، والدین یا سرپرست اپنے بچوں کے اسکول میں تعلیمی کونسلنگ کے پروگراموں میں استعمال ہونے والے تمام مواد کا جائزہ لے سکتے ہیں ۔ FCPS کی اس ویب سائٹ سے بھی معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں: **http://www.fcps.edu.**

## Tutor.com تک رسائی

**Tutor.com**: طالبعلموں کوTutor.com کے ذریعہ آن لائن ٹیوٹرنگ سروسز تک رسائی اپنے خاندان پر کوئی اضافی بوجھ ڈالےبغیرلامحدود پیمانے پرچوبیس گھنٹے دستیاب ہے۔ طلبہ وطالبات کسی بھی وقت، کہیں بھی اور K-12 کے بیشترمضامین کیلئےجتنا عرصہ چاہیئں ، آن لائن منسلک ہوسکتے ہیں ۔ ٹیوٹرنگ آن ڈیمانڈ ہوسکتی ہے اور/ یا طالبعلم اور/ یا خاندان کی سہولت کے مطابق مناسب وقت پرطے کی جاسکتی ہے ۔

ٹیوٹرنگ طلبہ وطالبات کو دی جانیوالی ہدایات ہوتی ہیں جو ون -آن ون۔ فارمیٹ (آواز اور/ یا ٹیکسٹ چیٹ ) کے ذریعہ فراہم کی جاتی ہیں ۔ اتالیق یا ٹیوٹر طالبعلم کی مطالعہ، ریاضی ، یا دیگر تعین کردہ مضامین میں خوبیوں اور صلاحیتوں کو اجاگر کرنے پر توجہ مرکوز کریں گے ۔ ٹیوٹرنگ کی خدمات تک رسائی اسکول کے اوقات کار سےقبل یا بعد اور/ یا ویک اینڈز پرحاصل کی جاسکتی ہیں ۔

طالبعلموں کوSchoology میں ایک لنک کے ذریعہ Tutor.com ٹیوٹرنگ سروس تک رسائی حاصل ہوگی ماسوائے یہ کہ والد یا والدہ/ سرپرست نے علحیدگی کی درخواست نہ کردی ہو۔ Tutor.com کے متعلق مزید معلومات کیلئے براہ مہربانی FCPS کا صفحہ ملاحظہ کیجیئے: https://www.fcps.edu/resources/online-tutoring-services

**آپ صفحہ 16 پر دیئے گئے فارم کو پُر کرکے Tutor.com تک رسائی سے اپنے بچے کو علیحدہ رکھ سکتے ہیں ۔**

## SEL اسکرینر میں شرکت

**سماجی اور جذباتی تعلیمی اسکریننگ:** FCPS نے تمام طلبا و طالبات کی ذہنی صحت برقراررکھنے اور سماجی و جذباتی تعلیم (SEL) حاصل کرنے میں اعانت کرنے کا عزم کررکھا ہے۔ طالبعلم جذباتی تعلیم کے (SEL) اسکرینر کو سال میں دو مرتبہ استعمال کرتے ہیں تاکہ وہ اس بارے میں اپنا نقطہ ہائے نظر بیان کریں کہ ان کا اسکول اور کمیونٹی انہیں کامیابی میں درکار مہارتوں کو سیکھنے میں کتنا اچھے طریقے سے مدد کررہے ہیں ۔ ان مہارتوں میں اہداف کا حصول، جذبات کی سمجھ بُوجھ اور ان پر قابو پانا، بالغ افراد اور ساتھیوں کیساتھ تعلقات بنانا اور قائم رکھنا اور ذمہ دارانہ فیصلے کرنا شامل ہیں ۔ طالبعلم یہ بھی بتاتے ہیں کہ ان کے اسکول اور کمیونٹی انہیں قابل قدر گرداننے ، شمولیت اختیار کرنے اور معاونت کرنے میں کتنا کامیاب ہیں ۔ یہ عناصر مثبت تعلیمی، سماجی اور جذباتی کامیابی کے لیئے، اہم ہیں ۔ 3-12 گریڈ میں تمام طالبعلموں کیلئے سال میں دو مرتبہ موسم خزاں اور بہار میں اسکرینر میں شریک ہونے کا موقع ہے ۔

SEL اسکرینر یقینی بناتے ہیں کہ ہمارے طالبعلموں کی آواز کو بلند کیا جائے تاکہ ان کے نقطہ ہائے نظر پر فیصلہ سازی میں غور کیا جائے ۔ اسکرینر کے اعدادوشمار کو ڈویژن ، اسکولوں اور انفرادی طور پر طالبعلموں کی پروگرامنگ کی منصوبہ بندی کیلئے استعمال کیا جاتا ہے ۔ ڈویژن اور اسکول کی سطح کے نتائج کو، جن میں کسی ایک فرد طالبعلم کی معلومات شامل نہیں ہوتیں، عملہ SEL اور ذہنی صحت کے طور طریقوں اور باخبر اسٹریٹیجک پلانز کو بہتر بنانے کیلئے استعمال کرسکتا ہے ۔ ڈویژن اور اسکول کی سطح کے نتائج ، ہمارے طالبعلم ادارے کی ضروریات اور اشتراک کار کے کی خدمات فراہم کرنے والے مواقع بیان کرنے کیلئے کمیونٹی کے ساتھ بھی شیئر کئے جاسکتے ہیں ۔

کسی ایک طالبعلم کے اسکرینر کے اعدادوشمار صرف اساتذہ، منتظمین اور اس عملے کودستیاب ہوں گے جو قانونی طور پراس میں تعلیمی دلچسپی رکھتے ہیں ۔ نتائج محفوظ فائلوں میں رکھے جائیں گے اور ڈیٹا بیس تک صرف ان افراد کو رسائی حاصل ہو گی ۔ گھرانوں کے اشتراک سے ، عملہ ان اعدادوشمار کا دیگر معلومات کے ساتھ جائزہ لیتا ہے تاکہ شناخت کردہ ضروریات کے حامل طالبعلموں کی اصلاحات کی منصوبہ بندی کی جائے ۔ والدین اور سرپرست اسیسمنٹ کے ہر دورانیہ کے بعد ، اپنے بچے کے اسکرینر نتائج سے متعلق ، ایک انفرادی رپورٹ موصول کریں گے۔ اسکول کا عملہ گھرانوں کے ساتھ نتائج پر تبادلہ خیال کرنے کے لیئے دستیاب ہو گا ۔

**آپ صفحہ 17 پر دیئے گئے فارم کو پُر کرکے SEL اسکرینر میں شرکت سے اپنے بچے کو علیحدہ رکھ سکتے ہیں ۔** اس علیحدگی کا اطلاق موجودہ تعلیمی سال پر ہوتا ہے اور اسے ہر سال مکمل کیا جانا چاہیئے ۔

SEL اسکرینر اور اس کے مواد تک رسائی کے متعلق مزید معلومات کیلئے ملاحظہ کیجیئے https://www.fcps.edu/student-tests-and-assessments/student-assessment-details/social-emotional-screener ۔

## شکایات

اگر آپ کو مندرجہ بالا حقوق میں سے کسی کے بارے میں کوئی شکایت ہے، تو آپ طلباء کے حقوق اور ذمہ داریوں کے کتابچے (ریگولیشن 2601 کا تازہ نسخہ) میں شکایتوں کے بارے میں دئیے ہوئے طریق کار کے مطابق ، اسکول کے پرنسپل سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں ۔ اگر آپ کو اپنے بچے کے تعلیمی ریکارڈ ز کے سلسلے میں کوئی شکایت ہے، تو آپ اپنے بچے کے اسکول کیلئے ذمہ دار ریجنل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کے آفس سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں ۔ اس کے علاوہ، اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ سروے ، تعلیمی مواد ، باہر کے اداروں کی طرف سے استعمال ہونے والی معلومات ، جسمانی معائنے ، فوجی بھرتی کار، طالب علم کے ریکارڈ کے جائزے یا ان میں ترمیم، ڈائریکٹری کی معلومات یا طالب علم کے ریکارڈز کی رازداری سے متعلق، آپ کے حقوق کی خلاف ورزی کی گئی ہے تو آپ U.S. Department of Education , Student Privacy Policy Office, 400 Maryland Avenue, SW, Washington, DC 20202-4605 کو اپنی شکایت دائر کروا سکتے ہیں ۔

## اسکول بورڈ کی پالیسیاں، ریگولیشنز، اور عام استعمال ہونیوالے فارمز

**پالیسیز اور ریگولیشن تک رسائی کیسے ہو:** اسکول بورڈ کی تمام پالیسیاں اور ضابطے، بشمول طالب علموں کے حقوق اور ذمہ داریوں کا کتابچہ، فیئر فیکس کاؤنٹی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں ۔ ان کو تلاش کرنے کے لئے، اس ویب سائٹ www.fcps.edu پر جائیے اور پالیسیز اور ریگولیشنز کے لیئے دیکھیئے۔ پالیسیوں اور قواعد وضوابط کو نمبرشمار اور حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے۔ اگر انٹرنیٹ آپ کی دسترس میں نہیں ہے، اور آپ کسی پالیسی یا ضابطے کی طبع شدہ کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو اپنےبچے کے اسکول کے پرنسپل سے رابطہ کیجیئے۔

**اضافی معلومات اور فارمز:** اگر آپ اس نو ٹس میں دیے ہوئے کسی مواد کا معائنہ کرنا چاہتے ہیں، تو براہِ مہربانی اپنے بچے کے اسکول کے پرنسپل سے رابطہ کیجیئے ۔ فارمز کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کیجیئے ۔ اگر آپ کو ایک سے زیادہ فارم چاہیئے تو فارم کی فوٹو کاپی نکالیئے یا www.fcps.edu پر جا کر بے دخلی کے کتابچے تلاش کیجیئے ۔

## عوام کو معلومات جاری کرنے پر اعتراض (تفصیلات صفحہ 5 -)

طالب علم کا نام : ________________________________

اسکول کا نام:___________________________________

آپ کو یہ انتخاب کرنے کا حق حاصل ہے کہ آپ کے بچے کے بارے میں ڈائریکٹری کی معلومات جاری کی جائیں یا نہیں - اگر آپ اپنے بچے کے بارے میں ڈائریکٹری کی معلومات کے اظہار کو محدود کرنا چاہتے ہیں، تو نیچے متعلقہ کالم میں نشان لگائیے اور **یہ فارم اپنے بچے کے اسکول کے دفتر یا بچے کے استاد کو دوسرے تعلیمی ہفتے تک واپس کر دیجیئے - آپ کا انتخاب تعلیمی سال 2023-24 کیلئے ہے، اس کا اطلاق صرف 2023-24 کے تعلیمی سال پر ہوتا ہے.** تاہم اگر آپ کا بچہ گریجویشن کرلیتا ہے یا FCPS سے الگ ہو جاتا ہے، تو FCPS آپ کے علیحدگی کے اس فیصلے پر عمل کرتا رہے گا جس کا انتخاب آپ نے آخری بار اس وقت کیا تھا جب آپ کا بچہ FCPS میں زیر تعلیم تھا سوائے اس کے کہ آپ FCPS کو مطلع کر دیں کہ آپ نے اپنا فیصلہ منسوخ کر دیا ہے -

_____ **مکمل علیحدگی کے فیصلے کا انتخاب: میرے بچے کے بارے میں ڈائریکٹری کی کوئی معلومات جاری نہ کیجیئے** - میں نے یہ بات سمجھ لی ہے کہ اس اقدام کا مطلب یہ ہے کہ میرے بچے کے بارے میں معلومات اور اسکی تصویروں کو اسکول کی ان تمام دستاویزات سے **نکال دیا جائے گا** جو خصوصًا عوام کو جاری کی جاتی ہیں، جیسے **سالنامے، گریجویشن پروگرامز، آنررول اور نمایاں کارکردگی کی دوسری فہرستیں، کھیلوں کی سرگرمیاں اور تھیٹر کے پروگرامز.** اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ جب تک میری طرف سے تحریری رضامندی نہ دے دی گئی ہو یا وفاقی اور ریاستی قانون کے تحت ایسے کرنے کا اختیار دیا گیا ہو، میرے بچے کی ڈائریکٹری کی معلومات اسکول سے جڑی تنظیموں، جیسے PTAs اور بوسٹر تنظیمیں، ریاستی اور کاؤنٹی کی ایجنسیاں یا باہر کے اداروں کو جاری نہیں کی جائیں گی - مزید برآں، میرا بچہ ایسے کسی ٹیلی ویژن، آڈیو یا ویڈیو ریکارڈنگ، براڈ کاسٹ، ویب سائٹ، سوشل میڈیا یا ساکت تصویر پروڈکشن میں شامل نہیں کیا جائے گا جنہیں FCPS تیار کریں یا FCPS یا میڈیا (اسکول کے اوقات کار کی حد تک یہ رسائی FCPS کے قابو میں ہے) عوام کو مہیا کریں - طلباء کے نام اور IDs مراسلاتی تعلیمی کلاسوں کے دوران، آن لائن کلاس روم سیشنز اور ریکارڈنگز میں ظاہر ہو سکتے ہیں اور اگر گھر پر کیمرہ چل رہا ہے تو ان کی تصویر بھی ظاہر ہو سکتی ہے-

**مندرجہ بالا انتخاب کے ذریعے آپ نے نیچے دئیے ہوئے چاروں آپشنز کا خود بخود انتخاب کر لیا ہے- اب آپ کو محدود پیمانے پر علیحدگی کے سیکشن کی طرف بڑھنے کی ضرورت نہیں -**

**محدود پیمانے پر علیحدگی کےآپشنز:** آپ میرے طالبعلم کے بارے میں ڈائریکٹری کی معلومات **جاری** کرسکتے ہیں، **ماسوائے** اس کےکہ (ذیل میں کسی ایک پر یا سب پر نشان لگائیے):

_____ انتخاب A - آپ والد/ والدہ کے ای میل ایڈریس PTAs، بوسٹر تنظیموں اور اسکول سے متعلق دوسری تنظیموں کو **نہیں** فراہم کرسکتے - میں ای نوٹی فائے سسٹم کے ذریعے، FCPS اور اپنے بچے کے اسکول سے، بدستور ای میل میسجز موصول کرتا / کرتی رہوں گا / گی -

_____ انتخاب B - آپ والد/ والدہ کے ای میل ایڈریس ریاست اور کاؤنٹی کی ایجنسیوں کو فراہم **نہیں** کرسکتے-

_____ انتخاب C - آپ میرے بچہ کو ایسے کسی ٹیلی ویژن، آڈیو یا ویڈیو ریکارڈنگ، براڈ کاسٹ، ویب سائٹ، سوشل میڈیا یا ساکت تصویر پروڈکشن میں شامل **نہیں** کرسکتے جنہیں FCPS تیار کریں یا FCPS یا میڈیا (اسکول کے اوقات کار کی حد تک یہ رسائی FCPS کے قابو میں ہے) عوام کو مہیا کریں - **(اس انتخاب پر آپ کے بچے کا اسکول کے سالنامے سے اخراج نہیں ہو گا.)**

**- جاری ہے-**

______ انتخاب D - آپ میرے بچے کی FCPS کی اسٹوڈنٹ ID کسی ایسی ایپلی کیشن ڈائریکٹری میں ، جو FCPS کے دیگر طلباء کو دستیاب ہے، شامل **نہیں** کر سکتے - (ان میں سے کوئی بھی انتخاب آپ کے بچے کو اپنے FCPS کے اسٹوڈنٹ ID کو استعمال کرتے ہوئے ضروری تدریسی ایپلیکشنز کو لاگ ان ہونے سے یا اپنی کلاس کے ممبران کے ساتھ آن لائن پراجیکٹس میں شرکت کرنے سے استثنیٰ فراہم نہیں کرتا -)

______ انتخاب E - آپ Library Equity Access Pass (LEAP) کے لیئے، فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک لائبریری کو، بذریعہ الیکٹرانک ٹرانسفر میرے بچے کا پہلا اور آخری نام اور اسٹوڈنٹ ID نمبر فراہم **نہیں** کر سکتے۔

براہِ مہربانی نوٹ کیجیئے کہ بعض حالات میں ، وفاقی اور ریاستی قوانین کے تحت مندرجہ بالا معلومات کو مجاز افراد یا اداروں کو ظاہر کرنے کی اجازت دے سکتا یا تقاضا کر سکتا ہے، چاہے آپ نے ڈائریکٹری کی معلومات کو افشا نہ کرنے کا انتخاب کیوں نہ کر لیا ہو -

**رکئیے! جب تک مندرجہ بالا اختیارات کو پڑھ اور سمجھ نہ لیں، نیچے دستخط مت کیجیئے -**

**والد/ والدہ کے دستخط** ______________________

**تاریخ** ______________________

# 2023-24ء کیلئے علیحدگی کے فارم
**گریڈ 12-9**

## بیرونی اداروں کو، معلومات کے اجراء پر اعتراض
**(تفصیلات صفحہ 6 پر)**

(علیحدگی کے اختیار کیلئے ضروری ہے کہ یہ فارم مکمل کیا جائے اور **اسے اسکول آفس یا اپنے بچے کے استاد کو اسکول کے دوسرے ہفتے کے اختتام سے پہلے واپس کیا جائے۔** )

طالبعلم/ طالبہ کا نام: ______________________________

اسکول کا نام:____________________________________

(طالبعلم کا نام – جلی حروف میں لکھیئے) کے متعلق: ________________________________________

مجھے اپنے بچے کی ذاتی معلومات جوڈائریکٹری کی معلومات کے طور پر جانی جاتی ہیں، باہر کی تنظیموں کو جاری کرنے پر اعتراض ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ FCPS میرے بچے کی ذاتی معلومات ایسی کمپنیوں کو فراہم نہیں کرے گا، جو گریجویشن کے فوٹو گرافرز اور ویڈیو گرافرز، سابقہ طلباء کی ڈائریکٹری خدمات اور داخلہ اور ڈگری کی تصدیق کی خدمات سمیت اسکول-بیسڈ مصنوعات یا خدمات کی پیشکش کرتی ہیں، تاہم یہ ان خدمات تک محدود نہیں ہیں۔ میں سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ میرا انتخاب تعلیمی سال 2023-24 کیلئے ہے، اس کا اطلاق صرف 2023-24 کے تعلیمی سال پر ہوتا ہے۔ میں یہ بھی سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ میرا بچہ گریجویشن کر لیتا ہے یا FCPS سے الگ ہو جاتا ہے، تو FCPS آپ کے علیحدگی کے اس فیصلے پر عمل کرتا رہے گا جس کا انتخاب آپ نے آخری بار اس وقت کیا تھا جب آپ کا بچہ FCPS میں زیر تعلیم تھا سوائے اس کے کہ آپ FCPS کو مطلع کر دیں کہ آپ نے اپنا فیصلہ منسوخ کر دیا ہے۔

| **والد/ والدہ کے دستخط** | **تاریخ** |
|---|---|
| ______________________________ | ______________________ |

## فوجی بھرتی کاروں تک رسائی سے انکار (تفصیلات صفحہ 7 پر)

(علیحدگی کے اختیار کیلئے ضروری ہے کہ یہ فارم مکمل کیا جائے اور **اسے اسکول آفس یا اپنے بچے کے استاد کو اسکول کے دوسرے ہفتے کے اختتام سے پہلے واپس کیا جائے ۔** )

طالبعلم/ طالبہ کا نام: ____________________________ اسکول کا نام : ______________________________

مجھے______________________________ (طالب علم کا نام جلی حروف میں لکھیئے) کا نام، پتہ، اور/ یا ٹیلیفون نمبر اس تعلیمی سال کے دوران فوجی بھرتی کاروں کو جاری کئے جانے پر اعتراض ہے۔ میں نے یہ بات سمجھ لی ہےکہ ایک بار اس فارم پر طالب علم یا والد/ والدہ کے دستخط ہونے کے بعد ، صرف والد/ والدہ ہی اسے تبدیل کر سکتے ہیں ۔ میں نے یہ بات بھی سمجھ لی ہے کہ اگر میں اس فارم کو بعد میں تبدیل کرنا چاہوں ، تو والدین لازماً تحریری طور پر پرنسپل کو مطلع کرنا چاہئیے کہ یہ فارم اب مؤثر نہیں رہا، اور یہ کہ طالب علم کے بارے میں معلومات جاری کی جا سکتی ہیں ۔

طالبعلم یا والد/ والدہ کے دستخط: ________________________________________

دستخط کرنیوالے طالبعلم یا والد/ والدہ کا نام— جلی حروف میں لکھیئے: ______________________________

تاریخ: ______________________________

## اسکول کی کونسلنگ سے علیحدگی کا فارم (تفصیلات کیلئےصفحہ 8 دیکھیئے)

یہ فارم صرف اس صورت میں مکمل کر کے ( **اسکول کے دفتر یا اپنے بچے کے استاد کو اسکول کے دوسرے تعلیمی ہفتے تک واپس بھیجیئے** ) اگر آپ **نہیں** چاہتے کہ آپ کا بچہ اسکول کونسلنگ پروگرام کے کسی حصے میں شرکت کرے ۔

جب تک والدین علیحدگی کی درخواست کو تحریری شکل میں واپس نہ لے لیں، **علیحدگی کے اختیار کی درخواست، اسکول میں وصولی کی تاریخ سے لے کر طالب علم کے FCPS میں K-12 کے کیرئیر کی پوری مدت میں مؤثر رہے گی ۔**

میں درخواست کرتا / کرتی ہوں کہ میرا بچہ ______________________________________، جو کہ گریڈ ______ میں ہے مندرجہ ذیل میں شرکت **نہ** کرے:

_______ تعلیمی کونسلنگ جو اسکےاسکول کی طرف سے فراہم کی جاتی ہے ۔

_______ کیریئر کونسلنگ جو اسکے اسکول کی طرف سے فراہم کی جاتی ہے ۔

_______ سماجی یا جذباتی کونسلنگ جو اسکے اسکول کی طرف سے فراہم کی جاتی ہے ۔

میں سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ امن و امان، نظم و ضبط یا سودمند تعلیمی ماحول کو برقرار رکھنے کیلئے درکار کونسلنگ اور/ یا بحران کے اصلاحی اقدام کیلئے والدین کی اجازت کی ضرورت نہیں ۔ میں سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ اپنے بچے کی تعلیمی یا کیرئر کونسلنگ سے علیحدگی کا انتخاب کرنے پر تمام تعلیمی اور گریجویشن کے تقاضوں کو پورا کرنے کے امر کو یقینی بنانے کا واحد ذمہ دار میں ہوں گا / گی ۔

والدین یا سرپرست کےدستخط: ______________________________________

تاریخ: ______________________

طالبعلم/ طالبہ کا نام: _______________________________________
(جلی حروف میں لکھیئے)

طالبعلم/ طالبہ کا اسکول: _______________________________________
(جلی حروف میں لکھیئے)

## Tutor.com سے علیحدگی کا فارم (تفصیلات کیلئےصفحہ 9 دیکھیئے)

یہ فارم صرف اس صورت میں مکمل کر کے ( **اسکول کے دفتر یا اپنے بچے کے استاد کو اسکول کے دوسرے تعلیمی ہفتے تک واپس بھیجئیے** ) اگر آپ **نہیں** چاہتے کہ آپ کا بچہ Schoology کے ذریعہ Tutor.com کی سہولت تک رسائی حاصل کرے ۔

براہِ مہربانی نوٹ کیجئیے کہ طالبعلموں کو Schoology کے ذریعہ Tutor.com ٹیوٹرنگ سروس تک رسائی ازخود مل جائے گی ماسوائے: 1) **آپ نے اپنے بچہ کو اس سروس سے باہر رکھنے کا پہلے ہی انتخاب کیا ہے** یا 2) **آپ درج ذیل میں درخواست جمع کراتے ہیں** ۔

میں درخواست کرتا / کرتی ہوں کہ میرے بچہ ________________________________________, گریڈ ______,
میں Tutor.com تک بذریعہ Schoology رسائی **نہیں** ہو۔

میں سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ مجھے opt-out اسٹیٹس کسی بھی وقت SIS ParentVUE کے ذریعہ تبدیل کرنے کا اختیار حاصل ہے یا میں اسکول میں درخواست جمع کراسکتا / سکتی ہوں ۔

والدین یا سرپرست کےدستخط: ________________________________________

تاریخ: ______________________

طالبعلم/ طالبہ کا نام: ________________________________________
(جلی حروف میں لکھیئے)

طالب علم کا آئی ڈی نمبر: ________________________________________

طالبعلم/ طالبہ کا اسکول: ________________________________________
(جلی حروف میں لکھیئے)

## SEL اسکرینر سے علیحدگی کا فارم (تفصیلات کیلئےصفحہ 10 دیکھیئے)

یہ فارم صرف اس صورت میں مکمل کر کے ( **اسکول کے دفتر یا اپنے بچے کے استاد کو اسکول کے دوسرے تعلیمی ہفتے تک واپس بھیجیئے** ) اگر آپ **نہیں** چاہتے کہ آپ کا بچہ سکول SEL اسکرینر میں شرکت کرے ۔

براہ مہربانی نوٹ کیجیئے کہ یہ علحیدگی صرف screener میں شرکت سے متعلق ہے۔

میں درخواست کرتا / کرتی ہوں کہ میرا بچہ ________________________________________، جو کہ گریڈ ______ میں ہے رواں تعلیمی سال کے دوران SEL اسکرینر میں شرکت **نہ** کرے:

میں سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ مجھے opt-out اسٹیٹس کسی بھی وقت SIS ParentVUE کے ذریعہ تبدیل کرنے کا اختیار حاصل ہے یا میں اسکول میں درخواست جمع کراسکتا / سکتی ہوں ۔

والدین یا سرپرست کےدستخط: ____________________________________

تاریخ: ____________________

طالبعلم/ طالبہ کا نام: ____________________________________
(جلی حروف میں لکھیئے)

طالب علم کا آئی ڈی نمبر: ____________________________________

طالبعلم/ طالبہ کا اسکول: ____________________________________
(جلی حروف میں لکھیئے)